بلوچستان کے ضلع نصیرآباد میں پانچ خواتین کوزندہ درگورکرنے کاواقعہ انسانیت کھلی تذلیل ہے۔الطاف حسین

دنیاسائنس وٹیکنالوجی اوراحترام انسانیت کے جدیدعہدمیں داخل ہوچکی ہےلیکن ہمارے ملک کے بعض علاقے

آج بھی جہالت کے تاریک دورمیں رہ رہے ہیں

اس گھناؤنے واقعہ میں ملوث قاتلوں اوراس عمل کی حمایت کرنے والوں کوعبرتناک سزادی جائے

لندن۔۔۔2 ستمبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے بلوچستان کے ضلع نصیرآبادمیں پانچ خواتین کوزندہ درگورکرنے کے واقعہ کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہےاوراس واقعہ کوانسانیت کی کھلی تذلیل قراردیاہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ آج دنیاترقی کرتی ہوئی سائنس وٹیکنالوجی کے جدیدعہدمیں داخل ہوچکی ہےاور انسانیت کااحترام کررہی ہےلیکن یہ امرانتہائی افسوسناک ہے کہ اس ترقی یافتہ اورجدیدعہدمیں بھی ہمارے ملک کے بعض علاقوں کےعوام جہالت کے تاریک دورمیں زندگی گزاررہے ہیں اورانہیں طاقت کے بل پرفرسودہ رسم ورواج کانشانہ بنایاجارہاہے۔انہوں نے کہاکہ جس طرح اسلام سے قبل بچیوں کوپیداہوتے ہی زندہ درگورکردیاجاتاتھا اسی طرح آج بھی پاکستان کے بعض علاقوں میں خواتین اوربچیوں کودورجہالت کے اسی سفاکانہ مظالم اوربربریت کاسامناہےاورانہیں کاروکاری اورغیرت کے نام پرقتل کیاجارہاہے۔انہوں نے کہاکہ بلوچستان کے ضلع نصیرآبادمیں جس طرح پانچ خواتین کوفرسودہ قبائلی رسم کے نام پرزندہ درگورکیاگیاہے وہ فرسودہ رسم ورواج کی پاسداری نہیں بلکہ خواتین کے ساتھ کھلی بربریت اورانسانیت کی کھلی تذلیل ہےجس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیاکہ اس گھناؤنے واقعہ میں ملوث تمام سفاک قاتلوں کوفی الفورگرفتارکرکےعبرتناک سزادی جائے اوراس گھناؤنےعمل کی حمایت کرنے والےعناصرکےخلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ یہ سفاکانہ واقعہ فرسودہ جاگیردارانہ اورسردارانہ نظام کاشاخسانہ ہےلہٰذاانسانیت پریقین رکھنے والے تمام افرادکوچاہیے کہ وہ اس مذموم واقعہ کےخلاف صدائے احتجاج بلندکریں۔

سابق وزیراعظم اورنیشنل پیپلزپارٹی کے سربراہ غلام مصطفےٰ جتوئی اورایم کیوایم کے

قائدالطاف حسین کے درمیان ٹیلی فون پرگفتگو

صدارتی انتخاب،سیاسی حالات اورملک کی مجموعی صورتحال پرتبادلہ خیال

الطاف حسین کی سندھ کے سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹرارباب غلام رحیم سے بھی فون پرگفتگو

لندن۔۔2 ستمبر2008ء

سابق وزیراعظم اورنیشنل پیپلزپارٹی کے سربراہ غلام مصطفےٰ جتوئی اورایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کے درمیان آج ٹیلی فون پرگفتگوہوئی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان صدارتی انتخاب، سیاسی حالات اورملک کی مجموعی صورتحال پرتبادلہ خیال ہوا۔گفتگو کے دوران دونوں رہنماؤں نے اس بات پراتفاق کیاکہ ملک اس وقت شدیدخطرات میں گھراہواہےاوراس وقت ملک کسی بھی قسم کی محاذآرائی کامتحمل نہیں ہوسکتالہٰذاوقت کاتقاضہ ہے کہ تمام جمہوری قوتیں ملک اورجمہوریت کے استحکام کیلئے کوششیں کریں اوربرداشت اورافہام وتفہیم کی سیاست کوفروغ دیں۔جناب الطاف حسین اورغلام مصطفےٰ جتوئی کے درمیان اس بات پربھی اتفاق ہواکہ سندھ کے تمام مستقل باشندوں کے درمیان پیارمحبت اوراتحادویکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین کی سندھ کے سابق وزیراعلیٰ اورمسلم لیگ ق سندھ کےصدرڈاکٹرارباب غلام رحیم سے بھی فون پرگفتگوہوئی اوران سے ملک خصوصاً سندھ کی صورتحال پربات چیت ہوئی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان موجودہ صورتحال پرتبادلہ خیال کیاگیا۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں برداشت اورافہام وتفہیم وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہاکہ سندھ کےعوام کودرپیش مسائل کے حل کیلئے سب کوملکرکام کرناچاہیے۔

ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹس کمیٹی کے رکن اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پی آئی اے یونٹ کے سینئر رکن عارف شفیق کی والدہ انتقال کر گئیں

کراچی۔۔۔2 ستمبر 2008ء

ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹس کمیٹی کے رکن اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پی آئی اے یونٹ کے سینئر رکن عارف شفیق کی والدہ محترمہ ظہریٰ بیگم آج طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔مرحومہ کافی عرصہ سے علیل تھیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج تھیں۔چندروزقبل انہیں گھر منتقل کر دیا گیا تھا آج شام ان کی حالت دوبارہ خراب ہوگئی۔انہیں مقامی اسپتال لے جایا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکیں اور رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔مرحومہ کی عمر 70 سال تھی۔مرحومہ ظہریٰ بیگم کی نماز جنازہ بدھ کو بعد نماز ظہر فیڈرل بی ایریا ٹی گراؤنڈ کی مسجد اقصیٰ میں ادا کی جائے گی۔بعدازاں انہیں یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔

ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹس کمیٹی کے رکن عارف شفیق کی والدہ کے انتقال پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔2 ستمبر 2008ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹس کمیٹی کے رکن اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پی آئی اے یونٹ کے سینئر رکن عارف شفیق کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عارف شفیق اور ان کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینٹس کمیٹی کے ارکان نے بھی عارف شفیق سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

☆☆☆☆☆